NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

طلبا کے طعام نوشی تجربے کی تشکیلِ نو

عزیزی نیویارک کے مکین،

میں آپکے بچوں کو موسمِ سرما کی تعطیلات سے واپس آنے پر خیرمقدم کرنے میں انتہائی پُرجوش ہوں، اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ بھی اسکول میں اپنے ہمسروں اور اساتذہ کے ساتھ واپس آنے پر اتنے ہی پُرجوش ہیں۔

آپ جانتے ہیں کہ جب آپ اپنے بچوں کے لیے ہم پر اعتماد کرتے ہیں، آپ نہ صرف یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ افضل تعلیم حاصل کریں بلکہ ہمہ صفت معاونتیں اور خدمات بھی جو انکے پھلنے پھولنے میں مدد کرسکیں، بشمول ہر روز مفت ناشتہ اور دوپہر کا کھانا۔

ہمارے اسکول نہ صرف تعلیم حاصل کرنے کی جگہیں ہیں بلکہ نگہداشت اور سکون کی بھی—اور ایک مزیدار اور پُرغذائیت کھانا اسکا ایک جز ہے۔ جب ہمارے طلبا کو ہر روز ایک پُرغذائیت، صحت افزوں اور ثقافت کی عکاسی کرنے والا کھانا ملتا ہے، وہ کلاس روم میں بہتر کارکردگی دکھاتے ہیں اور انکے مستقبل میں صحت بخش فیصلے کرنے کے امکان زیادہ ہوتے ہیں۔

T-35107 COMMS 2023 Jan PS+YOU Issue 14 (Urdu)

میں جانتا ہوں کہ ہم میں سے بہت سے اسکول کے کھانے کے بارے میں ایک تصور رکھتے ہیں—دہائیوں پہلے جب ہم اسکول میں تھے۔ آج اپنے اسکول کیفٹیریا میں، ہم تازہ سلاد، مقامی پیداوار، اور پُرغذائیت مینیو لوازمات پیش کرتے ہیں جو ہمارے طلبا کی ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں۔

اپنے طلبا کی ان کھانوں سے مستفید ہونے کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے، ہم کیفیٹیریا کو بہتر بنانے کے تجربے کو وسیع کررہے ہیں—اور ہمارے طلبا جس طرح کھانا کھاتے ہیں اسکی تشکیلِ نو کررہے ہیں۔ اس توسیع کا 50 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سے آغاز ہورہا ہے جو 80 سے زیادہ کیفیٹیریاز کو طلبا کے کھانا کھانے کے لیے گرمجوش اور استقبالیہ جگہیں بنائے گا۔ ذیل میں ہے کہ آپکے بچے کیا توقع کرسکتے ہیں:

- طالب علم انتخاب: ناشتہ، دوپہر کا کھانا، سالم پھل، سبزیاں، اور سلاد بار سے تازہ کٹی ہوئی پھل سبزیاں کھانے کے مختلف طریقے۔
- تیزرفتار خدمت: طلبا کو کھانوں کے لیے طویل قطاروں میں انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، اس سے انہیں اپنے کلاس کے ہمسروں کے ساتھ آرام دہ اور پُرسکون ہونے کا موقع ملے گا۔
- جدید انداز: دوبارہ ڈیزائن کیے گئے کیفیٹیریا جن میں ایک گرمجوش اور استقبالیہ ماحول تخلیق کرنے پر زور دیا گیا ہے۔
- نیا فرنیچر: آرام دہ میزیں اور کرسیاں طلبا کو انکی نئی جگہ پر خوش آمدید کریں گی۔

اس بہتری کے ایک جز کے بطور، ہم تمام شہر کے اسکولوں میں حلال انتخابات تک رسائی میں توسیع کریں گے۔ اب تک، ہم نے حلال کھانوں کی خدمات کے لیے اپنے 78 کچنز کی تصدیق کی ہے۔ یہ ہمیں اپنے بچوں کو ایک یکساں انداز میں کھانوں سے لطف اندوز ہونے کا موقع دے گا: کوئی علحیدہ قطاریں نہیں، کوئی علحیدہ کھانے نہیں، اور ہر طالب علم کے لیے انتخابات۔

اس میں سے کچھ بھی ہماری کھانے کی خدمات کی ٹیموں کے انتھک کام کے بغیر ممکن نہیں تھا۔ یہ وہ شفیق بالغان ہیں جو آپکے بچوں کے ساتھ ہر روز تعامل کرتے ہیں اور یقینی بناتے ہیں کہ انہیں پُرغذائیت اور مزیدار کھانے ملیں جنکی انہیں اپنے تعلیمی دن کے دوران طاقت پہنچانے کے لیے ضرورت ہے۔ میں انکی پُرعزمی اور محنت کشی کے لیے انتہائی شکرگزار ہوں۔

میں امید کرتا ہوں کہ کھانا کھانے کی نئی جگہیں آپکے بچوں کی بھوک کو تیز کریں گی اور انہیں اچھا، مزیدار کھانا ملنے اور اپنے دوستوں کے ساتھ سکون سے بیٹھنے کے امکان کا متمنی بنائیں گی۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔